# Archived Content

In an effort to keep DHS.gov current, this document has been archived and contains outdated information that may not reflect current policy or programs.

# مذہبی امتیاز مخالف تحفظات سے متعلق پروگرام کے شرکاء کو نوٹس

تنظیم کا نام:

پروگرام کا نام:

پروگرام کے عملے کے لیے رابطے کی معلومات: [نام، فون نمبر، اور ای میل ایڈریس فراہم کریں]

ہم سے آپ کو یہ تحریری نوٹس فراہم کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ ہم آپ کے خلاف کسی مذہبی امتیاز میں ملوث نہیں ہوں گے۔ آپ کے ہمارے پروگرام میں اندراج کروانے یا ہماری خدمات کی موصولی سے پہلے آپ کو اس نوٹس کا دیا جانا لازم ہے۔ اگر ایسا ممکن نہیں ہو تو یہ نوٹس آپ کو اوّلین دستیاب موقع پر دیا جانا لازم ہے۔

چونکہ یہ [تنظیم کا نام] محکمہ برائے ملکی سلامتی (Department of Homeland Security, DHS) کی جانب سے مالی اعانت وصول کرتی ہے، لہذا ہمیں آپ کو اطلاع دینے کی ضرورت ہے کہ:

- ہم آپ کے مذہب، آپ کے مذہبی عقائد (بشمول کسی مذہب کو نہ ماننا (الحاد) یا کوئی مذہبی عقیدہ نہ رکھنا) کی بنیاد پر آپ کے خلاف کوئی امتیازی سلوک روا نہیں رکھیں گے۔
- ہم آپ سے کسی قسم کی مذہبی سرگرمیوں (بشمول عبادت، مذہبی تعلیمات، یا مذہب کی تبدیلی) میں شرکت کرنے یا ان میں شامل ہونے کا تقاضا نہیں کر سکیں گے۔ ان سرگرمیوں میں آپ کی شرکت کا مکمل طور پر رضاکارانہ ہونا لازم ہے۔
- ہماری جانب سے پیش کردہ وہ تمام پروگرامز اور خدمات جو DHS کی جانب سے مالی تعاون یافتہ ہیں ان کا کسی بھی نجی طور پر فنڈ کردہ مذہبی سرگرمیوں سے وقت اور جگہ کے لحاظ سے واضح طور پر الگ ہونا لازم ہے۔

مذکورہ بالا تقاضوں کی خلاف ورزیوں، بشمول خدمات یا مراعات سے انکار سے متعلق کوئی بھی شکایت دائر کروانے کے لیے، براہ کرم DHS کے دفتر برائے شہری حقوق اور شہری آزادیاں (Civil Rights and Civil Liberties, CRCL) سے ذیل میں بتائے گئے طریقہ کاروں کے مطابق رابطہ کریں۔ CRCL کسی بھی زبان میں شکایات قبول کرتا ہے۔

آن لائن پورٹل: https://engage.dhs.gov/crcl-complaint (تیز ترین اور ترجیحی طریقہ کار)

ای میل: CRCLCompliance@hq.dhs.gov

U.S. ڈاک:

U.S. Department of Homeland Security
Office for Civil Rights and Civil Liberties
Compliance Branch, Mail Stop #0190
2707 Martin Luther King, Jr. Ave., SE
Washington, D.C. 20528

فیکس: 202-401-4708

مزید معلومات کے لیے: www.dhs.gov/crcl